سوال

(244) بیوی سے لطف اندوز ہوتے وقت محبت بھری باتوں میں غلو کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں اور میرا خاوند ایک دوسرے سے بہت محبت کرتے ہیں وہ مجھے عجیب وغریب سی باتیں کہتا ہے مثلاً تیرا لعاب جنت کا پانی ہے وغیرہ۔ مجھے علم نہیں کہ وہ مجھے راضی کرنے کے لیے ایسی باتیں کرتا ہے اور اسے حقیقی معنوں میں نہیں لیتا۔ بالآخر وہ ایسی باتیں کرنے سے رک گیا کیونکہ اسے خدشہ ہوا کہ کہیں ایسا کرنا حرام نہ ہو میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ مجھے ذرا بتائیں کہ ایسی باتیں کرنا حرام تو نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خاوند پر ضروری ہے کہ وہ ایسی باتوں سے اجتناب کرے کیونکہ دنیا میں کوئی بھی ایسی چیز نہیں جو جنت میں پائی جانے والی اشیاء کے مشابہ ہو یا اس کے قریب بھی ہو۔ پھر آپ کے شوہر نے نہ تو جنت کے پانی کا تجربہ کیا اور نہ ہی اس کا ذائقہ چکھا ہے، لہٰذا اور ایسے بہت سے جائز اور اچھے جملے ہیں جو ایسی تمام باتوں سے مستغنی کر دینے والے ہیں انہیں استعمال کرنا چاہیے۔ (شیخ محمد المنجد)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح و طلاق

ص311

محدث فتویٰ